جُون 2013

# میں دُشمن کو پیار کرتا ہوں

''اگر تُم نیکی کر کے دُکھ پاتے ہو اور صبر کرتے ہو تو یہ خدا کے نزدیک پسندیدہ ہے۔'' (ا-پطرس 2:20)



پطرس پہلے مسیحیوں کے ایک گروہ کو خط لکھتا ہے اور انہیں دعوت دیتا ہے کہ سب سے پیار کریں، اُن کو بھی پیار کریں جو آپ کے ساتھ بُرائی کرتے ہیں۔



اُس زمانے میں مسیحیوں کے ساتھ بُرا سلُوک کیا جاتا اور اُن کا مذاق اُڑایا جاتا تھا۔ لیکن پطرس اُن کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ مشکلات کے باوجود بھی آگے بڑھیں اور سب پر اپنی محبت کو ظاہر کریں۔



ہونڈوراس کے ملک سے ایک جین فوربجی والیریا ہمیں بتاتی ہے کہ سکُول میں جب وہ ڈرائینگ اور پینٹ کر رہی تھی



تو اُس کی ایک ساتھی نے اُس کی کتاب بند کر دی اور اُس کی ساری ڈرائینگ پینٹ سے خراب ہو گئی۔ میں اُس سے کہا: 'نیکول تُو نے میرے ساتھ ایسا کیوں کیا؟ تُجھے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا۔'




بعد میں یاد آیا کہ مُجھے چاہیے کہ میں ہمیشہ پیار کروں اس لئے میں نے اُس سے کہا:




'ٹھیک ہے، میں تجھے معاف کرتی ہوں۔'